مطبوعات

مشکوٰۃ المصابیح کی کتاب الزکوٰۃ و کتاب الصوم | تالیف ۔ منظور احمد صاحب ۔ پروفیسر اسلامیہ کالج ریلوے روڈ ۔ لاہور
شائع کردہ ۔ علمی کتاب خانہ اردو بازار ، لاہور ۔ قیمت ۔ سات روپے ۔ صفحات ۔ ۱۹۳ ۔

اس مفید سلسلے کی پہلی کتاب یعنی کتاب الصلوٰۃ پر اس سے پہلے ان صفحات میں تبصرہ کیا جا چکا ہے ۔ زیر نظر کتاب اس سلسلے کی دوسری کڑی ہے ۔ فاضل مصنف کا انداز تحقیقی اور عالمانہ ہے ۔ اس سلسلے کو ہمارے دینی ادب میں بیش قیمت اضافہ کہا جا سکتا ہے ۔ افسوس کہ کتاب کا معیار کتابت اور طباعت اُس سطح کا نہیں جس اُونچی سطح کی یہ کتاب ہے ۔

اسلام اور اشتراکیت | تالیف ۔ مولانا محمد بہاء الحق قاسمی ۔ ملنے کا پتہ ۔ پیرزادہ عطاء الحق قاسمی ایم اے ۔ بلاک اے ۔
ماڈل ٹاؤن ، لاہور ۔ صفحات ۔ ۱۹۲ ۔

جس وقت سے اس ملک میں اشتراکی فتنے نے سر اُٹھا لیا ہے ۔ اس وقت سے مسلمانوں کے صاحب دل اور صاحب

---

۴ ۔ کو غیر منقولہ جائداد میں سے ترکہ نہ ملتا تھا خواہ وہ اپنے والدین کی اکلوتی بیٹی ہو اور اس کا کوئی بھائی نہ ہو ۔ وصیت کے قانون سے لوگ قطعاً نا آشنا تھے ۔

" پروفیسر الالفی فرانس کے مفتیٔ اعظم نے امام شیبانی کی غیر معمولی ذہانت کی تعریف و توصیف کی اور ان کی کتاب الحیل پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔ اس کے بعد حاضرین کی طرف سے سوالات کیے گئے جن کے مدلل جوابات سُن کر بہت سے یورپین سامعین نے اعتراف کیا کہ اس تقریب میں خلافِ توقع جو اہم معلومات دی گئی ہیں ان سے وہ بہت متاثر ہوئے ہیں ۔ (بشکریہ مسلم ورلڈ)